8دسمبر 2023ء

# اسٹیٹ بینک نے عوام سے مشاورت کے لیے ریگولیٹری سینڈ باکس سے متعلق ہدایات جاری کردیں

بینک دولت پاکستان نے عوام سے مشاورت کے لیے ریگولیٹری سینڈ باکس سے متعلق ہدایات کا مسودہ جاری کر دیا ہے۔ یہ ریگولیٹری سینڈ باکس جدت طراز اداروں کو جدید مصنوعات، کاروباری ماڈلز اور ٹیکنالوجیز آزمانے کا ایک کنٹرولڈ ماحول فراہم کرے گا جبکہ ریگولیٹرز مالی استحکام اور صارفین کے تحفظ کے لیے ان کے مضمرات کو بھی زیرِ غور رکھیں گے۔ ریگولیٹری سینڈ باکس کے اس مسودے سے اسٹیٹ بینک کے زیرِ نگرانی اداروں، فن ٹیک اداروں اور اسٹارٹ اپس کو اپنی نئی مصنوعات، کاروباری ماڈلز وغیرہ آزمانے کے لیے ریگولیٹری سینڈ باکس میں شریک ہونے کا موقع ملے گا۔ اسٹیٹ بینک کے وژن 2028 کے مطابق ریگولیٹری سینڈ باکس ڈجیٹل مالی خدمات میں جدت طرازی کی حوصلہ افزائی کرے گا اور مارکیٹ کے موجودہ اور نئے شریک اداروں کو پاکستان میں ڈجیٹل ادائیگیوں کا مضبوط ایکو سسٹم بنانے میں سہولت دے گا۔ اسی طرح، اس سے اسٹیٹ بینک کو نئے اور جدید فن ٹیک سلوشن کے لیے ہدایات اور قواعد وضوابط جاری کرنے میں بھی مدد ملے گی، جس کے نتیجے میں بالآخر ملک میں مالی اور ڈجیٹل شمولیت میں اضافہ ہوگا۔

اس اقدام سے مالی صنعت کے مستقبل کی تشکیل میں اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اسٹیٹ بینک کے تعلقات بھی مستحکم ہوں گے۔ چنانچہ اسٹیٹ بینک نے بینکوں، فن ٹیک اداروں، بینکاری صنعت کے ماہرین، عوام اور دلچسپی رکھنے والے تمام فریقین کو مشاورتی عمل میں شرکت کی دعوت دی ہے۔

دلچسپی رکھنے والے فریقوں کو چاہیے کہ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ، ڈرافٹ ریگولیٹری سینڈ باکس فریم ورک (sbp.org.pk) پر جائیں، جہاں انہیں ریگولیٹری سینڈ باکس فریم ورک کے مسودے تک رسائی کے علاوہ اہلیت کے معیار، درخواست کے طریقہ کار اور رہنما خطوط سے بھی آگاہی ملے گی۔ اپنی آرا 8 جنوری 2024ء تک یا اس سے پہلے regulatorysandbox@sbp.org.pk یا ذیل میں دیے گئے پتے پر بھیجی جائیں:

ڈائریکٹر
شعبہ پالیسی اور نگرانی برائے پیمنٹ سسٹمز
اسٹیٹ بینک آف پاکستان، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
پاکستان

****